# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

## مباحثات

---

بروز ہفتہ 22 فروری 1997

(بمطابق 14 شوال 1417 ہجری)

جلد 3 | شمارہ 1

سرکاری رپورٹ

مندرجات | صفحہ نمبر


1 ۔تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ 1

2 ۔وزیر اعلیٰ پر اعتماد 2

# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ۔

صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز ہفتہ مورخہ 22 فروری 1997ء بمطابق 13 شوال 1417ھ صبح دس بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، ہدایت اللہ خان چمکنی، مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ قف عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ط وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ٥ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ط اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ٥ (سورہ یوسف آیات 107 تا 109)

ترجمہ: تم ان سے صاف کہہ دو کہ میرا رستہ تو یہ ہے۔ میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں، اور میں خود بھی پوری روشنی میں اپنا راستہ دیکھ رہا ہوں اور میرے ساتھی بھی، اور اللہ پاک ہے اور شرک کرنے والوں سے میرا کوئی واسطہ نہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم سے پہلے ہم نے جو پیغمبر بھیجے وہ سب بھی انسان ہی تھے اور انہیں بستیوں کے رہنے والوں میں سے تھے اور انہی کی طرف ہم وحی بھیجتے رہے ہیں پھر کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں ہیں کہ ان قوموں کا انجام انہیں نظر نہ آیا جو ان سے پہلے گزر چکی ہیں۔ یقینا آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے اور زیادہ بہتر ہے جنہوں نے پیغمبروں کی بات مان کر تقوی کی روش اختیار کیا، اب بھی تم لوگ نہ سمجھوگے۔ وما علینا الی البلاغ

بیگم نسیم ولی خان: محترم سپیکر صاحب! ستاسو توجه یو طرف ته راګرځول غوارم۔ تاسو خپله د دے هاؤس ممبر هم پاتے شوے یئی او سپیکر هم پاتے شوے یئی، دَ روایاتو مطابق دَ تلاوت ترجمه یوه ورځ په پښتو کښ کیږی او یوه ورځ په اردو کښ کیږی۔ څه تاسو نه به دا خواست کوم چه تاسو خپل هدایات اوکړئی چه هغه زاړه روایات مونږ برقرار اوساتو او هم په هغه ترتیب باندے مونږ روان شو، ځکه چه دلته ډیر خلق داسے دی چه هغه په پښتو باندے پوهیږی او ځنے داسے وی چه هغوی په اردو د سره هډو پوهیږی نه۔ نو څه به دا خواست ستاسو نه کوم، دَ چیئر نه، چه تاسو دا ترتیب لږ صحیح کړئی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: ډیره ښه ده آئنده دَ پاره به انشاءالله داسے پروسیجر Adopt کیږی۔

Begum Naseem Wali Khan, MPA, and Syed Muhammad Sabir Shah, MPA, may please move their resolutions under Article 130 (3) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, one by one, for Vote of Confidence on the Chief Minister, N.W.F.P. Begum Naseem Wali Khan, please!

بیگم نسیم ولی خان: ځما خو دا خیال وو که لږ انتظار مو کړے وے، پیر راغلے نه دے۔ څه به خپل پیش کړم، په هغے مینځ کښ که تاسو څه کوئی نو پیر به بیا ترهغے پورے راورسی، ځکه چه هغوی لا راغلی نه دی۔

جناب سپیکر: تاسو خپل پیش کړئی جی، هغوی خو--------

## وزیر اعلیٰ پر اعتماد

بیگم نسیم ولی خان: څه به خپل (قرارداد) پیش کړم، ډیره مننه۔

"دا اسمبلی په اتفاق رائے سره د دے اسمبلئی غړی، جناب سردار مهتاب احمد خان عباسی باندے د صوبه سرحد د وزیر اعلیٰ په حیثیت دَ مکمل اعتماد اظهار کوی"۔

جناب سپیکر: پیر صابر شاہ صاحب!

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! "یہ اسمبلی متفقہ طور پر جناب سردار مہتاب احمد خان، رکن صوبائی اسمبلی پر بمطابق آرٹیکل 130 شق (3)، دستور پاکستان، بحیثیت وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد بھر پور اعتماد کا اظہار کرتی ہے"۔

Mr. Speaker: The motion moved and the question before the House is that the resolutions moved by Begum Naseem Wali Khan and Syed Muhammad Sabir Shah, Honourable MPAs, be passed. Those who are in favour of it, may say 'Yes' and please stand up in front of their seats.

Those who are against it, may say 'No' and please stand up in front of their seats.

*(The motion was adopted.)*

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed and Sardar Mehtab Ahmad Khan, Chief Minister, NWFP, has obtained the vote of confidence from the Assembly and he has secured seventy votes in favour and there is none in opposition.

حاجی محمد عدیل: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب سپیکر! جب ہاؤس کے بہت سے ممبرز وزیر اعلیٰ پر اعتماد کیلئے اٹھے ہیں اور کوئی بھی ممبر ان کے خلاف نہیں اٹھا تو عملاً یہ ہاؤس کا

متفقہ فیصلہ ہوا ہے۔

جناب سپیکر: یہی تو میں نے عرض کیا ہے جناب، اگر آپ نے سُن لیا ہو تو میں نے کہا

ہے کہ seventy in favour and none against it. تو ٹوٹل ممبر شپ جو ابھی

موجود ہے، They are seventy one. Seventy one are present and out of seventy one, seventy stood in front of their seats for 'Ayes' and there was none to say 'No'.

Haji Muhammad Adeel: Right, Sir.

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر صاحب! عدیل صاحب یو سوال ___ تاسو جی خبرہ چہ اوکړله، په هغے باندے پوهیدل پکار دی۔ څه خلق دا دی چه هغوی د دے seventy کسانو په حق کښ ووټ ورکړو او یو ووټ چه کوم دے، دا څه شو؟ په حق کښ دے یا نه دے، نو څه شے دے؟

جناب سپیکر: دا Abstention دے کنه، It is an abstention. خو په 'Noes' کښ څوک هم نشته، چا 'No' او نه وے۔ Meaning thereby it is clear cut abstention. The total number present is seventy one and out of seventy one, seventy voted in favour of confidence and one abstained.

جناب علی افضل خان جدون: مسٹر سپیکر سر! یہاں صرف اعتماد کے ووٹ کی بات ہے۔ اگر کسی نے دیا ہے، تو وہ Count ہوتا ہے اور اگر کسی نے نہیں دیا ہے تو اس کے Count ہونے کی میرے خیال میں کوئی ضرورت بھی نہیں ہے۔ اس Issue کو آپ نہ چھیڑیں کیونکہ وہ elevant ہی نہیں ہے۔

میاں مظفر شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ یو پیرہ چه جی د چیئر نه رولنګ

اوشی نو په هغے باندے بیا Arguments -------------

**Mr . Speaker:** That was just a clarification. He wanted a clarification, therefore, I clarified that point that the total Members present in the House at that time were seventy one. Out of seventy one, seventy stood in favour of 'Ayes', they voted in favour of the confidence and there was only one abstention and there was none for 'No'.

**جناب جان محمد خٹک:** سپیکرصاحب! یو Correction کول غواړو جی، خما خیال دے همایون خان هم ناست دے، Seventy two دی جی، دوه کسان نه دی پاسیدلی۔

**Mr. Speaker:** Thank you for the correction. So there were two abstentions.

**Sardar Mehtab Ahmad Khan** (Chief Minister): Mr. Speaker Sir, if you kindly permit me, I would like to say something today because آج کے دن میں چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت کے آئندہ کے جو ایجنڈے ہیں، تو ان کے بارے میں کچھ بات چیت ہو جائے۔

**جناب قیموس خان:** پوائنٹ آف آرډرسر۔ خمونږه په وزیر اعلیٰ صاحب باندے خلقو اعتماد اوکړو، پکار ده چه مونږ د هغوی شکریه ادا کړو او هغوی ته مبارکی ورکړو۔ دَ هغے نه پس که وزیر اعلیٰ صاحب بیا دَ خپلو خیالاتو اظهار کوی، نو پکار ده چه اوکړی۔

**جناب سپیکر:** پکار داسے وی کنه چه یو Issue ختم شی، چه بیا پخپله غخوک

پاسی او هغه خبره اوکړی- مونږ خو ---------

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب ! چه مونږ د هغوی Welcome اوکړو، د هغې نه پس چه هغوی Policy matter باندے خبره اوکړی، نو ښه به وی او که ماته مو اجازت راکړو نو خه به خبره اوکړم-

جناب سپیکر: دا پکار ده، جی تاسو دا مهربانی کونی چه څه وخت یو آنتم ختم شی نو بیا تاسو پخپله پاسئی Otherwise the Chair will proceed دا تاسو مهربانی کونی جی-

جناب محمد اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب! اس ہاؤس کی یہ روایت رہی ہے کہ جب بھی لیڈر آف دی ہاؤس کھڑا ہوتا ہے تو پھر کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی کو بولنے کی اجازت ہوتی ہے۔ جناب سپیکر! لیڈر آف دی ہاؤس پہلے بول لیں، اس کے بعد پھر جو بھی بولنا چاہے تو اسے آپ اجازت دے دیں۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر! طریقہ یہ ہوتا ہے کہ پہلے جو ممبرز ہیں، وہ بات کرتے ہیں اور پھر sum up جو ہے، وہ چیف منسٹر یا لیڈر آف دی ہاؤس کرتا ہے۔ پہلے تو یہی طریقہ رہا ہے مگر آپ جیسی رولنگ دیں گے، ہم ویسے ہی کریں گے۔

بیگم نسیم ولی خان: محترم سپیکر صاحب ! پکار دا ده، طریقه کار دا وی چه هغه د اعتماد ووټ واغستو، هغه پاسی او دے هاؤس ته اوښائی چه د هغه ارادے څه دی او هغه کوی څه؟ چه هغه دا اوکړی نو بیا به مونږ پاسو، نو مونږ چه مبارکی ورته واثیو، مونږ چه نے شکریه ادا کوو نو مونږه به بیا چه کومه نکته د هغه نه پاتے وی نو د هغے Clarification به اوکړو- ورته به بیا نورے نورے نشاندهی اوکړو چه دا دا خبرے هم خان سره add کړه- که اوس دا وی چه هغه مونږ دے ته پرنے ښږدی. چه هغه دِ مونږ ته خپل ذهن ښکاره کړی نو دا

خو ما ته ښه __ ښه نه پوهیږمه په طریقه کار باندے، ښه نه پوهیږمه، تاسو به پرے ډیر ښه پوهیږئی، خو پکاردا دی چه چیف منسټر خپل د رائے اظهار خو اوکړی چه هغه خو او وائی چه څه ښه کومه؟

Mr. Speaker: The Honourable Chief Minister, please.

(تالیاں)

سردار مہتاب احمد خان (وزیر اعلیٰ): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے معزز اراکین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے اس صوبہ کی خدمت کیلئے مجھے منتخب کیا اور اس کے بعد آج مجھ پر اعتماد کا اظہار بھی کیا۔ جناب سپیکر! میں اس ایوان میں جب پہلی بار آیا تو وہ سال 1985 تھا اور میں اس اسمبلی کا ممبر تھا جو ایک طویل عرصہ کے مارشل لاء کے بعد اس ملک میں سیاسی نظام کی بحالی کیلئے غیر جماعتی بنیادوں پر وجود میں آئی تھی۔ اس وقت بہت سے لوگوں اور سیاسی جماعتوں نے ان انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا اور ان کا خیال تھا کہ یہ غیر جماعتی انتخابات اس ملک کے سیاسی نظام کے خلاف ایک سازش ہیں لیکن ہم لوگ جو اس وقت منتخب ہو کر آئے تھے تو ہمارا خیال تھا کہ یہ اس طویل عرصہ کی گھٹن کے بعد، جو مارشل لاء کی دس، گیارہ سال کی گھٹن تھی، غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات بھی اس ملک کے سیاسی نظام کی بحالی کی ایک آواز ہیں اور یہ وقت نے ثابت کیا ہے۔ اس کے بعد اس ملک میں جماعتی سیاسی نظام کی بات چلی اور اس سارے عرصے میں جہاں بڑے بڑے نشیب و فراز آئے، وہاں اس تمام عرصے میں ایک بات بڑی واضح رہی ہے کہ صوبہ سرحد کی اس معزز اسمبلی نے اپنی ماضی کی شاندار روایات کے مطابق اس عمل میں بھرپور حصہ لیا اور اس سیاسی نظام کو جو پے در پے جھٹکے لگے تھے، اس کا ثابت قدمی سے مقابلہ کیا۔ مجھے اس بات کا اعزاز حاصل ہے جناب سپیکر کہ میں پانچ بار اس اسمبلی کا رکن منتخب ہوا ہوں۔ (تالیاں)

اور تین بار قومی اسمبلی کا رکن بھی منتخب ہوا ہوں۔ میں اپنے ان تمام معزز اراکین کو، جن کی اکثریت نے اپنی سوچی سمجھی رائے کے مطابق مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میں اپنی صلاحیتوں کے مطابق، ان کی رائے کے مطابق اور اس صوبے کے عوام کی خواہشات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی بھرپور کوشش کروں گا۔ جناب سپیکر! اس صوبہ کے معاملات کو چلانے کیلئے میں سب سے پہلے اپنے آپ کو احتساب کیلئے پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر! میرا ماضی بھی آپ کے سامنے ہے اور میرا مستقبل بھی آپ کے سامنے ہوگا۔ اگر آپ کبھی محسوس کریں کہ میں آپ کے اعتماد پر پورا نہیں اُتر رہا، تو میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ بلا جھجک مجھ سے پوچھ سکتے ہیں۔ آپ نے جن بھاری ذمہ داریوں کے قابل مجھے سمجھا ہے، انہیں پورا کرنے میں اگر کبھی سخت مراحل بھی آئیں تو آپ کو میرے ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا۔ ہم روایتی سیاست کی زنجیروں کو توڑ کر آئے ہیں، ہم نے اپنے قائد، جناب محمد نواز شریف کی قیادت میں ایک طویل سیاسی جد و جہد میں اپنی سیاسی کشتیاں جلا کر اپنے سفر کا آغاز کیا ہے۔ پاکستان کے عوام نے عام انتخابات میں ایک تاریخ ساز فیصلہ دیا ہے کہ ہارس ٹریڈنگ، کرپشن، اقرباء پروری، قومی وسائل کا ناجائز استعمال، نا اہل لوگوں کو مسلط کرنے کی سیاست، ملازمتیں فروخت کرنے اور جھوٹ کی بنیاد پر حکومت چلانا انہیں قبول نہیں تھا۔ لوگوں نے غلط سیاست کو ایک خاموش انقلاب کے ذریعے نشان عبرت بنا دیا ہے۔ ہم سب کو یہ صورتحال سامنے رکھ کر اپنے عوام کے سامنے ایک روشن اور واضح مثال کی طرح زندہ رہنا ہوگا۔ حکومت کے اراکین، اراکین اسمبلی اور انتظامیہ کی مشینری کو سادگی، احساس ذمہ داری اور عوام کی خدمت کو اپنا شعار

بنانا ہوگا اور ہم جب ایسا کریں گے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ عوام بھی احساس ذمہ داری کا بھر پور جواب دیں گے۔ میری حکومت آپ کی وساطت سے عوام کو امور مملکت میں مکمل طور پر شرکت کرے گی تاکہ انہیں اس بات کا احساس ہو' انہیں اس ذمہ داری کا احساس ہو کہ جب کوئی قومی دولت کو ضائع کرے تو عوام حکومتی ایجنسیوں پر تکیہ کرنے کی بجائے از خود آگے بڑھ کر اس صورتحال کی اصلاح کا کام شروع کر دیں۔ ہم اپنے سیاسی پروگرام کو آگے بڑھانے کیلئے زندگی کے تمام شعبوں میں فرسودہ قوانین کا از سر نو جائزہ لیں گے تاکہ بدلتی ہوئی صورتحال کے مطابق اور عوام کی امنگوں کے مطابق وہ قوانین لوگوں کے کام آ سکیں۔ حکومتی نظام میں صوابدیدی اختیارات سے لیکر رشوت اور کمیشن کی لعنت کے خاتمہ کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں گے اور سرخ فیتہ کی رکاوٹیں پیدا کرنے والے افراد نے اگر اپنا رویہ تبدیل نہ کیا تو ان کا بھی بوریہ بستر گول کر دیا جائے گا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر! ہم خالی دعووں اور باتیں کرنے پر یقین نہیں رکھتے۔ میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارے اقدامات' ہماری پالیسی اور ہمارا جو ایجنڈا ہوگا' وہ حقیقی بنیادوں پر لوگوں کی ضروریات کے مطابق ہوگا اور اس جدید دنیا کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ہم ان کارآمد باتوں کو اپنی حکومت کی پالیسوں کا حصہ بنائیں گے جس سے یہ معاشرہ اپنی روایات کا آئین کہلائے گا تاکہ یہ آئندہ آنے والی صدی میں داخل ہونے کیلئے اپنے آپ کو تیار کر سکے۔ میں آپ کو صرف یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں اور ہم اس ایجنڈا کے راستے میں آنے والی ہر رکاوٹ کو انشاء اللہ ٹھوکر سے اڑا دیں گے۔

(تالیاں)

ایسے لگتا ہے کہ پاکستان کی تاریخ کے ان پچاس سالوں کو ہم نے ضائع کر دیا ہے اور جو قومیں اپنی تاریخ سے سبق نہیں سیکھتیں اور جن کو اپنے وقت کے ضائع ہونے کا احساس نہیں ہوتا تو وہ قومیں بڑی بدقسمت کہلاتی ہیں۔ ہمیں کہیں دور جانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہمیں اپنے قرب و جوار میں ایسی مثالیں ملتی ہیں۔ پچاس سال کی عمر کسی نئے ملک کیلئے تھوڑی عمر نہیں ہوتی۔ 1970 کی دہائی تک پاکستان سست رفتاری سے لیکن ایک منظم طریقے سے آگے بڑھ رہا تھا کہ یکایک اس پاکستان پر سازشی قوتوں نے اپنا وار کیا اور ہم نے اپنی آنکھوں سے اس ملک کو دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوتے دیکھا ہے۔ ان سازشی قوتوں نے پاکستان کے عوام کے وسائل کو بھی تباہ و برباد کر دیا اور آج اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم اپنے بچوں کے مستقبل سے بھی مایوس نظر آتے ہیں اور دنیا میں شاید ہی ایسی قومیں ہوں جنہیں اپنے مستقبل پر یقین نہ ہو۔ جناب سپیکر! حالیہ انتخابات میں میاں نواز شریف نے اس ملک کے لوگوں کو جو امید کی راہ دکھائی ہے، ان کیلئے ایک بہتر مستقبل کی نشاندہی کی ہے اور جس طرح پاکستان بھر کے لوگوں نے ان کے قدم کے ساتھ قدم ملانے کا فیصلہ کیا ہے، یہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ عوام نے ماضی کے انا پرست، جھوٹی اور غلط سیاست کرنے والوں کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ جناب سپیکر! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ ہمارا ایجنڈا جو اس ملک اور اس صوبے کی تعمیر نو کا ایجنڈا ہے، ہر فرد کی عزت و وقار کا ایجنڈا ہے، اس میں لینے والے ہر غریب شخص اور ہر بااثر شخص کو برابری کی بنیاد پر انصاف فراہم کرنے کا ایجنڈا ہے اور اس صوبے کے وسائل کو ہر فرد کیلئے برابر حصہ دار بنانے کا ایجنڈا ہے، اس کے راستے میں، جیسے میں نے عرض کیا ہے، آنے والی ہر رکاوٹ ہم ختم کر دیں گے اور وقت کی اہمیت کو جانتے ہوئے تساہل اور لاپرواہی سے کام لینے والے پرزوں کو بھی حکومتی مشنری سے علیحدہ کر دیا جائے گا۔ ہم ایک تیز رفتار پروگرام پر عملدرآمد کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے اس سفر میں ہمارے ساتھ جو

لوگ بھی قدم کے ساتھ قدم ملا کر چل سکتے ہیں، ہم ان کا خیرمقدم کریں گے لیکن کسی شخص کو بھی کسی تعلق یا سفارش کی بنیاد پر حکومت پر بوجھ بننے نہیں دیا جائے گا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر! ہم نے تین دن قبل پاکستان مسلم لیگ کی پارلیمانی میٹنگ کا اجلاس طلب کیا تھا جس میں مَیں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ، جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا تھا اور مجھے اپنی پارٹی کے اندر نامزد کیا تھا اور میری ان کے ساتھ یہ پہلی میٹنگ تھی اور اس میٹنگ میں جب میں نے ان سے اپنے نئے پروگرامز کے بارے میں گفتگو کی، میاں نواز شریف، قائد پاکستان کے عزم و ارادوں کی گفتگو کی، تو جہاں اکثریت نے ان پروگرامز کی تائید کی تو وہاں چند دوستوں کا یہ بھی خیال تھا کہ کیا وجہ ہے کہ جب ہماری حکومت آتی ہے تو اس ملک میں میرٹ، انصاف اور قانون کی بالا دستی کی بات کرتے ہیں اور ہم اپنے دوستوں اور اپنی پارٹی ورکرز کی خواہشات کے برخلاف ایک ایسا نظام رائج کرنے کی بات کرتے ہیں جو انصاف پر مبنی ہو، جو برابری اور یکساں سلوک پر مبنی ہو لیکن ہمارے جانے کے بعد آنے والے لوگ اس سارے نظام کو تہس نہس کر کے رکھ دیتے ہیں اور اقرباء پروری اور قومی وسائل کی لوٹ کھسوٹ، رشوت اور کرپشن کی وہ بد نما مثالیں قائم کرتے ہیں کہ سارا پاکستان روتا اور چیختا ہے؟ تو میں نے ان سے کہا کہ اگر ان کی بدعنوانیاں، ان کی رشوت خوریاں، پیسوں کے ذریعے ملازمتوں کو فروخت کرنے کی سیاست اور حکومتی وسائل، پلاٹوں کی تقسیم، رشوت اور کمیشن کی حکومت اگر اس ملک اور اس صوبے کے لوگوں کو قبول ہوتی تو آج اس اسمبلی میں ہم نہ بیٹھے ہوتے بلکہ وہ بیٹھے ہوتے۔

(تالیاں)

تو جناب سپیکر، میں نے ان سے یہی درخواست کی کہ ہمیں اپنے آنے والے کل

کیلئے سوچنا ہے۔ ہم نے جیسا تیسا بھی وقت گزارا' گزار لیا ہے لیکن ہم ایک ایسے وطن کا حصہ اپنے آپ کو کیسے شمار کر سکتے ہیں جو دنیا میں کرپشن میں دوسرے نمبر پر کہلایا جائے اور جو تعمیر و ترقی میں نیچے جا رہا ہو اور تعلیم اور صحت کے جو اہم ترین مسائل ہیں' ان کیلئے بھی اس دنیا میں جس کا معیار گرتا جا رہا ہو تو ایسی قومیں دنیا میں با وقار مقام حاصل نہیں کر سکتیں اسلئے جناب سپیکر' جیسے میں نے کہا کہ ہم ایک تیز رفتار ایجنڈا اور پالیسی پر کام کرنا چاہتے ہیں اور میں نے کل بھی گزارش کی تھی کہ میں اپنے معزز اراکین کو ساتھ لیکر چلوں گا' میں ان کو حکومتی امور میں اس طرح شریک کرنے کی کوشش کروں گا کہ جس سے ان کا مقام بلند ہو اور حکومت کی مشینری ان کی تابع ہو کیونکہ اگر ہم ایسا نہ کر سکے تو پھر یہ عوام کے نمائندوں کی توہین ہوگی' ان کی خواہشات کے برخلاف ہم پھر اسی ماضی کے جھوٹے نظام کے ساتھ اپنا سلسلہ نہیں جوڑ سکتے۔ میں اس بات کا احساس کرتا ہوں کہ جب ہم منتخب ہو کر آتے ہیں تو حکومتی مشینری میں نئی حکومت کے آنے کے ساتھ ہی بڑی تبدیلیاں ہوتی ہیں' حکومت کی جماعتیں اپنے ملنے والے دوستوں اور جاننے والوں کو پرائز پوسٹ پر' اچھی جگہوں پر لگانے کی سفارشیں کرتے ہیں اور یہ ہم نے اکثر دیکھا ہے۔ میرے بھی بہت سے دوست ہیں' میرے ساتھیوں کے بھی بہت بڑے بڑے دوست ہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ ہم اس طریقۂ کار کی بجائے کیوں نہ از خود انہیں دعوت دیں؟ میں چاہتا ہوں کہ اس صوبے میں رہنے والے تمام سرکاری ملازمین' تمام آفیسرز اور نوکر شاہی کے اراکین اور بیوروکریسی کے اراکین جو اس حکومت کے ایجنڈے پر عملدرآمد کرنے میں اپنا حصہ ڈالنا چاہتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہماری رفتار میں ہمارے ساتھ چل سکتے ہیں تو میں از خود انہیں دعوت دیتا ہوں کہ وہ سفارش کروانے کی بجائے ہمارے اس پروگرام پر عملدرآمد کرنے کی یقین دہانی کرائیں اور اپنے آپ کو پیش کریں اور جب وہ اپنے آپ کو پیش کریں گے تو پھر ہم بھی ان سے حساب کتاب

لینے کے قابل ہوں گے۔ یہ حکومت انہیں دعوت دیتی ہے کہ وہ اہم اور ذمہ دار عہدوں پر خصوصاً فیلڈ کی پوسٹوں کیلئے بلحاظ اہلیت اور قابلیت اپنے آپ کو پیش کریں لیکن ایسا کرنے سے قبل انہیں یہ یقین دلانا چاہئے کہ وہ اپنی خدمات اس عہدہ کی شان و شوکت' ذاتی مفادات اور مراعات کیلئے پیش نہیں کر رہے بلکہ ذمہ داری کو نبھانے کیلئے چیلنج کے طور پر قبول کر رہے ہیں جو ایمانداری' محنت اور لگن کے بغیر نبھانا مشکل ہوگا اور اگر کوئی سرکاری اہلکار کسی منصب کے اہل نہ ہو تو وہ سفارش کرانے سے گریز کرے کیونکہ ہم نا اہل لوگوں کا بوجھ اُٹھانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے اور نہ ہی ہمارے کندھے اس بوجھ کو اُٹھانے کے قابل ہیں اور نہ ہی ہمارے پاس اس کیلئے وقت ہے۔

(تالیاں)

ہم اپنے نئے سفر میں آنے والے کل کو روشن بنانے کیلئے اپنے آج پر توجہ دیں گے اور ہماری کوشش ہوگی کہ ہم پیچھے مڑ کر دیکھنے کی بجائے مستقبل کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے اپنے آپ کو تیار کریں لیکن ہم ماضی کی غلطیوں کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتے۔ ہم ماضی کی تاریخ سے سبق حاصل کرتے رہے ہیں اور ہم اپنی تاریخ کو آئندہ آنے والی نسلوں کیلئے ایک سبق بنانا چاہتے ہیں۔ جن لوگوں نے سرکاری اختیارات اور وسائل کو شیرِ مادر سمجھ کر غلط استعمال کیا ہے' انہیں اپنے تمام پرانے حساب بے باک کرنا ہوں گے اور قوم کا ان پر جو قرض ہے' وہ انہیں لوٹانا ہوگا۔

(تالیاں)

جیسے محترمہ بیگم نسیم ولی خان صاحبہ' جناب پیر صابر شاہ صاحب اور دیگر ساتھیوں نے اس ایوان میں اپنے گزشتہ روز کی تقریروں میں اس عزم اور مؤقف کا اظہار کیا ہے کہ ہم اس صوبے میں احتساب کا ایک ایسا یقینی نظام جاری کریں گے جو نہ صرف ماضی کی غلط کاریوں کا احتساب کر سکے گا بلکہ موجودہ حکومت کا احتساب کرنے کے بھی قابل ہوگا۔

جیساکہ میں نے کل بھی کہا تھا کہ ہم انتقام اور احتساب کے باریک فرق کو قائم کرنے کی از حد کوشش کریں گے لیکن جن لوگوں نے ماضی میں اس صوبے کے وسائل کو لوٹا، اس صوبے کے لوگوں کے ساتھ نا انصافیاں کیں، اقرباء پروری، رشوت خوری اور کرپشن کی لازوال مثالیں قائم کیں، ان کو ہم معاف نہیں کر سکتے اور نہ ہمارے لئے یہ ممکن ہے۔ جناب سپیکر! میں آپ سے گزارش کرتا ہوں اور یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس اسمبلی کو اقتدار اعلیٰ کا نشان سمجھتے ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ ہم اپنے اداروں پر اعتماد کرنا سیکھیں، ہم اپنے اداروں کو ایسا مستحکم بنائیں کہ آئندہ آنے والا کوئی شخص اس کو توڑ نہ سکے لیکن اس کیلئے ہم سب کو مِل جُل کر کام کرنا ہوگا۔ جناب سپیکر! اس اسمبلی کی اپنی زرّیں روایات ہیں جس کے نتیجے میں اس صوبے میں حکومت اور اپوزیشن کے ہمیشہ اچھے تعلقات کار رہے ہیں۔ ہمارے تمام فیصلے انصاف پر مبنی ہونگے۔ ہمیں اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ اپوزیشن کی تعداد کتنی ہے؟ اگر مثبت تنقید کرنے والا ایک شخص بھی ہو تو وہ اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ ہم اپوزیشن سے توقع رکھیں گے کہ وہ اعلیٰ جمہوری قدروں اور صوبے کی روایات کی پاسداری کرتے ہوئے اسمبلی کو چلانے میں ہماری مدد اور تعاون کریں گے۔ جناب سپیکر! ہمارا یہ پروگرام ہے کہ سادگی کی جو مثال ہے، اس کا آغاز حکومت کی کابینہ سے کیا جائے اور اس ضمن میں ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وزراء کی فوج کی بجائے صرف مختصر کابینہ کی تشکیل کی جائے جو اس صوبے کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے نہ صرف اپنا پورا وقت دے سکے بلکہ سیاسی بنیادوں پر فیصلے کرنے کی بجائے حقائق اور عوام کے مسائل کو سامنے رکھ کر فیصلے کر سکے اور میں آپ کو یہ کہہ سکتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہماری جو کابینہ کی تشکیل ہوگی، اس کی تعداد ابتداء میں اس صوبے کی ماضی کی تمام Cabinets سے مختصر ترین ہوگی۔

(تالیاں)

بیوروکریسی کے تمام صوابدیدی اختیارات ختم کئے جا رہے ہیں اور اب تمام فیصلے اور بھرتیاں میرٹ پر ہوں گی۔ سرکاری ملازمین کی ترقی میں میرٹ، سروس اور Integrity کو مدِ نظر رکھا جائے گا اور اس کیلئے A.C. Rs لکھنے کے عمل کو اس کے مطابق بنایا جائے گا۔ تمام بھرتیاں سال میں ایک یا دو مرتبہ مخصوص طریقۂ کار کے تحت ہونگی اور ایسے قوانین وضع کئے جائیں گے جنہیں سادہ اکثریت سے ختم نہیں کیا جا سکے گا۔ ہم خود احتسابی کے عمل کے ساتھ ساتھ ماضی میں ہونے والی لوٹ مار کا حساب لیں گے اور اس عمل میں کسی قسم کی انتقامی کارروائی نہیں کریں گے۔ مہران بینک کے سرمائے، جو صوبہ سرحد میں صابر شاہ حکومت کے خاتمے، سرکاری جائیداد کی ناجائز الاٹمنٹ، ملازمتوں کی خرید و فروخت، غلط افراد کو Under hand deal کے ذریعے ٹھیکوں کی تقسیم اور ان میں کرپشن کا فوری حساب لیا جائے گا۔

(تالیاں)

احتساب کا عمل صرف سیاستدانوں تک محدود نہیں ہوگا بلکہ وہ تمام سرکاری ملازمین بھی اس کی زد میں آئیں گے جو اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے رہے ہیں

(تالیاں)

اور جو حکمران طبقہ کی لوٹ مار میں شریک رہے ہیں اور جنہوں نے پسندیدہ افراد کو نوازنے کیلئے قوانین کی دھجیاں بکھیری تھیں۔ ہم سرکاری ملازمین کا قبلہ درست کریں گے اور حکمرانوں سے وفاداری کی بجائے ان سے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی توقع رکھیں گے۔ سرکاری ملازمین کیلئے حکومتی پالیسیوں کا تفصیلی ذکر میں بعد میں کروں گا۔

جناب سپیکر! ہم صوبے کے حقوق کے حصول میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے۔ 1990 میں جناب محمد نواز شریف، وزیر اعظم پاکستان نے پہلی مرتبہ چاروں صوبوں میں مفاہمت کی فضا پیدا کی تھی، پانی کی تقسیم کا ستر سالہ پُرانا مسئلہ حل کیا تھا اور

این ایف سی ایوارڈ پر اتفاق رائے پیدا کیا تھا' مشترکہ مفادات کی کونسل کا اجلاس بلایا تھا جو پاکستان پیپلز پارٹی کے دونوں ادوار میں نہیں بلائے گئے تھے۔ جناب سپیکر! جناب محمد نواز شریف کی قیادت میں صوبہ سرحد کی پن بجلی کی آمدن کا دیرینہ مسئلہ حل ہوا تھا۔ ہم صوبائی حقوق کے حصول میں مرکز کی طرف سے کسی قسم کی رکاوٹ محسوس نہیں کرتے اور اس کے باوجود اگر کوئی بھی مسئلہ پیدا ہوا تو ہم اس ایوان کو اعتماد میں لے کر آگے بڑھیں گے۔

(تالیاں)

جہاں تک نگران دور حکومت میں این ایف سی ایوارڈ کے اعلان کا تعلق ہے تو ہم اس کا بغور جائزہ لیں گے اور صوبہ سرحد کے عوام کی خواہشات اور صوبہ کے عوام کے مفاد کے مطابق فیصلہ کریں گے اور اس سلسلے میں اس ایوان کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ صوبے کے پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لانے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے جن میں مربوط ترقیاتی پروگرام شروع کرنے پر بھی غور کیا جائے گا۔ شمالی' جنوبی اضلاع اور ہزارہ کی ترقی پر بھی توجہ دی جائے گی۔ پوری دنیا کی سیاست اقتصادیات کے گرد گھوم رہی ہے اور مالیاتی امور میں نظم و ضبط پیدا کئے بغیر ہم اپنے ایجنڈے پر عمل نہیں کر سکتے۔ پورے ملک میں صوبہ سرحد ماضی میں مالیاتی امور کے حوالے سے منظم رہا ہے لیکن گزشتہ کچھ عرصہ سے یہ صوبہ اوور ڈرافٹنگ پر چل رہا ہے جس کی وجہ سے ہمیں خزانہ خالی ملا ہے۔ ہم اس مالیاتی بدنظمی کو دور کرتے ہوئے صوبے کو مالی طور پر منظم بنانا چاہتے ہیں تاکہ ہم جو بھی منصوبے بنائیں' ان پر پوری طرح عمل کر سکیں۔ اس وقت یہ صوبہ ایک ارب' اسی کروڑ روپے کا مقروض ہے جس کی بنیادی وجہ بجٹ کی تیاری میں ہندسوں کا ہیر پھیر اور حقائق سے چشم پوشی ہے۔ جناب سپیکر! حکومت کی اولین ترجیحات میں انصاف کی فراہمی کیلئے تیز رفتاری سے کام کرنا ہے اور اس کیلئے عدالت عظمیٰ اور عدالت

عالیہ کی مشاورت اور تعاون کے ساتھ اس نظام میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں گی۔ سماجی انصاف کی فراہمی کیلئے عدالتوں کے قابل احترام جج صاحبان کو تمام ضروری سہولیات مہیا کی جائیں گی اور ان کی عزت اور وقار میں اضافہ کیلئے بھی اقدامات کئے جائیں گے۔ جناب سپیکر! ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے اور لوگوں میں احساس تحفظ پیدا کرنے کیلئے امن عامہ کو بہتر بنائے بغیر ہم حکومت کی کسی ترجیح پر بھی عملدرآمد نہیں کر سکتے۔ صوبہ سرحد اپنی مخصوص روایات کی وجہ سے پاکستان بھر میں امن عامہ کے لحاظ سے اپنا ایک بہت بہتر مقام رکھتا تھا لیکن آج یہاں امن و امان کی جو صورتحال ہے، تو اس لحاظ سے ہم اسے ماضی کی ان روایات کے پیش نظر قابل فخر نہیں سمجھتے کیونکہ ہمارے امن عامہ کے اس نظام میں ایسے لوگ داخل ہو چکے ہیں جو عوام کے تحفظ اور ان کی محافظت کرنے کے بجائے کرائمز کو سپورٹ کرنے کیلئے تیار رہتے ہیں جس کی وجہ سے حالیہ عرصے میں امن و امان کے شدید مسائل پیدا ہوئے ہیں اور جیساکہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ گذشتہ ایک دو مہینوں میں پشاور اور اس کے قرب و جوار میں ایک باقاعدہ پروگرام کے تحت Kidnapping کے پے در پے واقعات ہوئے ہیں جس نے صوبائی حکومت کو اور آنے والی حکومت کو ایک نئے چیلنج سے دوچار کر دیا ہے۔ امن عامہ کے مسائل حل کرنے کیلئے پولیس کے نظام میں تبدیلی لائی جائے گی اور بدعنوان پولیس اہلکاروں کی سرپرستی میں چلنے والے جرائم کے اڈوں کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ ایسے پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی بھی کی جائے گی۔ متعلقہ ضلع کا ایس پی اور متعلقہ تھانے کا ایس ایچ او اپنے علاقے میں چلنے والے منشیات، قمار بازی اور دیگر برائی کے اڈوں کی موجودگی کے براہ راست ذمہ دار ہوں گے۔ متعلقہ ایس ایچ او کی کارکردگی ایف آئی آر کی تعداد کم درج کرنے پر نہیں جانچی جائے گی بلکہ ان کی کارکردگی ایف آئی آر کے اندراج اور بعد میں اس پر کارروائی کے حوالے سے دیکھی جائے گی (تالیاں)

پولیس میں تفتیش کا شعبہ علیحدہ کیا جائے گا اورمنظم جرائم جس ایس ایچ او کے علاقے سے Originate ہوں گے' اس علاقے کے ایس ایچ او اور پولیس کے ضلعی سربراہ کو قابل احتساب ٹھہرایا جائے گا۔ قبائلی علاقوں کے راستوں پر حفاظتی انتظامات کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ اغواء اور کار چوری کی وارداتوں کا سدباب کیا جا سکے۔ مفروروں کی پشت پناہی کرنے والے افسروں اور سیاسی لیڈروں یا سیاست بازوں کا جن کا تعلق خواہ کسی بھی جماعت سے ہو' کے ساتھ کوئی رو رعایت نہیں کی جائے گی اور پولیس میں بھی سزا کے ساتھ جزا کے تصور کو رائج کیا جائے گا

(تالیاں)

لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم پولیس ملازمین کے مسائل سے بھی روگردانی نہیں کر سکتے کیونکہ ان کی رہائش' ان کی تنخواہیں اور اوقات کار اور دیگر مسائل سے روگردانی کرنا ناانصافی ہوگی اور میں اس ضمن میں انسپکٹر جنرل پولیس کو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ اپنی تجاویز جلد سے جلد کابینہ کے سامنے پیش کریں تاکہ ہم جہاں ان کا احتساب کرنا چاہتے ہیں تو وہاں ہم انہیں کچھ دے بھی سکیں۔ جرائم کی بیخ کنی میں خصوصی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے آفیسرز اور اہلکاروں کیلئے ترقی اور مالی امداد کے کیسز آئی جی پولیس ایک ہفتے کے اندر اندر وزیر اعلیٰ کو بھیجنے کے پابند ہوں گے اور حکومت اس میں فراخدلی کا مظاہرہ کرے گی۔ ماضی میں یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ کانسٹیبل اور ہیڈ کانسٹیبل کی سطح کے ملازمین کی اچھی کارکردگی بڑے آفیسرز اپنے کھاتوں میں ڈال لیتے تھے جبکہ چھوٹے ملازمین کو محض چند سو روپے کے انعام پر ٹرخا دیا جاتا تھا لیکن اب ایسی غلط روایات کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ ایف آئی آر درج نہ کرنے کے رجحان کی بھی حوصلہ شکنی کی جائے گی اور عوام سے درخواست کی جائے گی کہ وہ پولیس کی زیادتیوں اور بد دیانتی کے

سلسلے میں اصل حقائق خفیہ خطوط کے ذریعے چیف منسٹر سیکرٹریٹ تک پہنچائیں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں خود ذاتی طور پر ان خطوط کو کھولا کروں گا اور ان کی تمام خفیہ معلومات کو صرف اپنی ذات تک محدود رکھوں گا

(تالیاں)

کیونکہ ہم نے اکثر دیکھا ہے کہ جہاں کہیں بھی عوام کسی بھی انفارمیشن کو آگے پہنچانے کیلئے جاتے ہیں تو وہ مجرموں کے براہ راست زیر عتاب آ جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہمیں ٹریفک کے نظام کو بھی بہتر بنانا ہے۔ سڑکوں پر گاڑیوں میں اوور لوڈنگ، شاہراہوں پر گاڑیوں کی تیز رفتاری، ناجائز اڈے اور اسی طرح کے دوسرے مسائل نے ہمارے شہریوں کو مریض شہری بنا دیا ہے۔ اس ضمن میں ہمیں ہائی وے پر تیز رفتاری اور اوورلوڈنگ روکنے کیلئے ٹریفک پولیس کے بجائے نجی شعبے کی مدد سے جدید نظام رائج کرنا ہوگا۔ لائسنسنگ اتھارٹی، ٹریفک انجنیئرنگ اور پولیس کی مشاورت سے اس جدید نظام کو نجی ہاتھوں کے ذریعے چلانے کیلئے ہم جلد ہی انہیں دعوت دیں گے جس سے صوبے میں نہ صرف عوام کو بدعنوانی سے روکنا ہوگا بلکہ انہیں ایک بہتر اور باوقار شہری ہونے کا احساس بھی ہوگا۔ جناب سپیکر! صوبہ سرحد میں جیلوں کی اصلاحات کو یقینی بنایا جائے گا اور محکمہ داخلہ کے حکام کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ محترمہ بیگم نسیم ولی خان صاحبہ کی سربراہی میں قائم جیلوں کی اصلاحات کیلئے کمیٹی کی سفارشات کابینہ کے اجلاس میں پیش کریں

(تالیاں)

معمولی مقدمات میں قید افراد کو جیلوں سے رہا کرانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں گے اور جیلوں میں بند عورتوں اور بچوں کے کیسوں پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی اور اس موقع پر میں تمام قیدیوں کی سزائیں دو ماہ کی رعایت کا اعلان کرتا ہوں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! تعلیم کا موجودہ ڈھانچہ بہت ہی ناپائیدار ہو چکا ہے اور اس کا انتظام چلانا مشکل سے مشکل تر ہو گیا ہے۔ ملک اور صوبے کے ہر فرد کو مقروض بنا کر عمارتیں تو تعمیر کر لی گئی ہیں لیکن وہ سب عمارتیں خالی پڑی ہیں۔ اساتذہ کی سیاست میں مداخلت بھی انتہائی افسوسناک ہے جس سے تعلیمی اداروں میں منفی رجحان پیدا ہو رہے ہیں۔ سکولوں اور کالجوں کے تعلیمی ریکارڈ پر کڑی نظر رکھی جائے گی اور امتحانات کے نظام میں بھی تبدیلیاں کی جائیں گی۔ ماضی میں جاری رہنے والے امتحانی سنٹروں کی فروخت اور پرچوں میں نمبر بڑھانے کے گھٹیا طریقے اب مزید برداشت نہیں کئے جائیں گے۔ اس ضمن میں تعلیمی نظام کو بہتر اور جدید خطوط پر استوار کرنے اور خاص طور سے امتحانات کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ماہرین تعلیم، اراکین اسمبلی اور دیگر افراد پر مشتمل ایک ٹاسک فورس قائم کی جائے گی جو کم سے کم وقت میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور اس رپورٹ پر نہ صرف یہاں بحث کی جائے گی بلکہ اس پر عملدرآمد کو انشاء اللہ میں یقینی بھی بناؤں گا۔

اربوں روپے کے اخراجات کے باوجود لوگوں کو ہسپتالوں میں دھکے اور مایوسی کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ ڈاکٹروں کی سیاسی گروہ بندی نے ہسپتالوں کی حالت کو مزید خراب کر دیا ہے۔ ہمارے ہاسپٹلز' Consultants اور سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی ذاتی پریکٹس کو فروغ دینے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ بے حسی کا دور دورہ ہے، ضلعی سطح پر کوئی بھی ہسپتال مریضوں کے رہنے کے قابل نہیں ہے۔ مجھے یاد ہے کہ 1988 میں اسی ایوان میں ہم نے لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی ایک سی ٹی سکین مشین کے ایک پرزہ کی خرابی پر پورا دن بحث کی تھی اور اس ایوان کی یہ متفقہ رائے تھی کہ کم سے کم وقت میں سی ٹی سکین مشین کو قابل عمل بنایا جائے لیکن جب میں نے ابھی معلوم کیا تو مجھے پتہ چلا کے وہ سی ٹی سکین

مشین آج بھی خراب ہے اور اسی حالت میں پڑی ہے۔ یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ آٹھ' نو سال گزرنے کے باوجود ہسپتال میں ایک قیمتی مشین کو ٹھیک کرنے کی کوئی کوشش ہی نہیں کی گئی اور مجھے اس بات پر بڑا دکھ ہے کہ اگر ہم اپنے دنوں اور سالوں کو ایسے ہی ضائع کرتے رہے تو ہم کہاں جا کر ٹھہریں گے؟ جناب سپیکر! ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے کیلئے اصلاحات کی ضرورت ہے اور ان اصلاحات کو رائج کرنے کیلئے ہمیں میڈیکل پروفیشن سے تعلق رکھنے والے سماجی کارکنوں اور اس ایوان کے منتخب نمائندوں کی مشاورت سے ایک اور ٹاسک فورس تشکیل دینا ہوگی جو صحت کے نظام میں نئی Dynamics کو روشناس کرائے۔ اس ضمن میں نجی شعبے میں قائم ہسپتالوں اور نرسنگ ہومز کیلئے بھی ایک نئی پالیسی تشکیل دی جائے گی۔ ہم کوشش کریں گے کہ ایک ایسا نظام رائج کیا جائے جس سے نہ صرف اس صوبے کے مرکزی ہسپتالوں پر اوور لوڈنگ اور رش کم کرنے میں مدد ملے بلکہ جہاں پر Consultants کے پاس ریفرنس کے کیسز تب آئیں جب وہ Cases Basic Health Units اور ڈسپنسریوں کے ڈاکٹروں کی جانب سے ریفر کئے جائیں۔ بڑے ہسپتالوں میں مریضوں کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں طبی آلات' تربیت یافتہ عملہ اور ڈاکٹرز بھی مہیا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ دیہی علاقوں میں ڈاکٹروں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مریضوں کے لواحقین کو ہسپتالوں کے عملے پر اعتماد نہیں رہا جس کے باعث مریضوں کی دیکھ بھال کرنے والوں کی ہسپتال میں بھر مار رہتی ہے۔ اس ضمن میں ہسپتالوں کے اہلکاروں اور ڈاکٹروں کو مریضوں کی فلاح و بہبود کا ذمہ دار بنایا جائے گا اور اس ضمن میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن اور اسمبلی کے نومنتخب اراکین اس پر ایک پالیسی بنانے میں اپنی مشاورت دیں گے۔

جناب سپیکر! شہری ترقی کیلئے نجی شعبے کو پابند کیا جائے گا کہ وہ شہروں کی طویل المعیاد منصوبہ بندی کریں اور اس سلسلے میں قانون سازی بھی کی جائے گی۔ کسی

باقاعدہ منصوبہ بندی کے بغیر شہروں میں بے ہنگم آبادی کا اضافہ وقت کے ساتھ ساتھ مسائل میں بھی اضافہ کا باعث بن رہا ہے۔ حکومتی ایجنسیاں اس بد نظامی اور بد انتظامی کو روکنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں۔ ہم شہروں میں توسیع کی باقاعدہ منصوبہ بندی کے بغیر مکانوں کی تعمیر اور دیگر تعمیرات کو روکنے کیلئے بھی قانون سازی کریں گے۔ نئی بستیوں کی تعمیر سے پہلے وہاں سکولز، ڈسپنسریاں، ڈاکخانے اورکھیلوں کے میدانوں کیلئے جگہ اور فنڈز فراہم کرنے ہوں گے اور شہری ترقی کیلئے نجی شعبہ کی امداد حاصل کی جائے گی۔ صوبہ بھر کے اندر دیہی علاقوں میں کم از کم بنیادی سہولتوں کو ضرور پہنچایا جائے گا جو ایک باعزت معاشرے کیلئے لازم ہیں تاکہ ہم شہروں کی طرف بڑھتے ہوئے رجحان کو روک سکیں۔ سڑکوں اور شاہرات کے ساتھ قائم تجاوزات کو ختم کرنے کیلئے محکمہ شاہرات کو تین ماہ دیئے جا رہے ہیں۔ شاہراوں اور اندرون شہر نئی کمرشل عمارتوں کی تعمیر کو قانون کے مطابق بنانے کیلئے نئے قوانین وضع کیے جائیں گے۔ شہری اور بلدیاتی ادارے اپنے اپنے دائرہ کار کے اندر عوام کی مدد سے نکاسی آب اور دوسری شہری سہولتوں کو بہتر بنانے کیلئے انتظامات کریں گے اور اس ضمن میں ہر بڑے شہر میں اور کم از کم میونسپل کمیٹیوں کی حد تک Garbage Disposal Insanirators کے نظام کو بھی رائج کریں گے۔

جناب سپیکر! نوکر شاہی کو عوام کے ساتھ اپنا رویہ بدلنا ہوگا۔ ہر ضلع کا ڈپٹی کمشنر اپنے دفتر میں بیٹھ کر کام کرنے کی بجائے سڑکوں، گلیوں، بازاروں اور دیہات میں جا کر کاموں کی براہ راست نگرانی کیا کرے گا۔ تمام ڈپٹی کمشنر صوبائی حکومت کی منظوری سے اپنے دوروں کا ایسا پروگرام مرتب کریں گے جن میں عوام سے ملنے اور دوسرے دفتری امور نمٹانے کیلئے اوقات مخصوص ہوا کریں گے۔ اگر صوبے کے منتخب عوامی نمائندے، سیاسی راہنما، وزراء اور وزیر اعلیٰ عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت دستیاب ہونگے تو

سرکاری اہلکاروں کو بھی گالف کورس اور کلبوں کی بجائے ہمہ وقت عوام کی خدمت کیلئے موجود رہنا ہوگا۔ (تالیاں)

سرکاری خزانہ کی مراعات اور دیگر فوائد پر نہ تو سیاسی قیادت اور نہ ہی سرکاری اہلکاروں کا حق ہوگا۔ پانچ نومبر کے بعد اب تک ہونے والے تمام فیصلے کابینہ کے اجلاس میں از سرنو پیش کئے جائیں گے۔ گزشتہ پانچ سال کے دوران سرکاری اداروں میں ہونے والی بدعنوانیوں اور کرپشن کی تحقیقات کی وہ رپورٹیں دوبارہ سامنے لائی جائیں گی جن پر اب تک کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو مزید فعال بنایا جائیگا اور ماضی کی حکومتوں کے غلط اقدامات کو تحفظ نہیں دیا جائے گا۔

(تالیاں)

صوبے میں ملازمتوں اور تقرریوں کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا۔ ڈاکٹروں کے سوا تمام کنٹریکٹ ملازمین فوری طور پر علیحدہ کئے جاتے ہیں اور آج کے بعد جو بھی کنٹریکٹ ملازم اپنے دفتر میں کام کرے گا تو اس کی ذمہ داری اس محکمے کے سربراہ اور چیف سیکرٹری پر عائد ہوگی۔ (تالیاں)

ڈاکٹرز کیلئے ہم صوبائی پبلک سروس کمیشن کو ہدایت کریں گے کہ وہ ان کی تقرریوں کو قانون کے مطابق Regularise کرنے کیلئے یا ان کی بہتر سلیکشن کیلئے کم سے کم وقت میں ان معاملات کو طے کرے۔ اینٹی کرپشن کے قوانین میں چیف سیکرٹری اور دیگر آفیسرز کے پاس موجود صوابدیدی اختیارات ختم کئے جائیں گے اور مرکز سے بھی اس بارے میں رجوع کیا جائے گا تاکہ صوبے میں کام کرنے والے وفاقی حکومت کے All Pakistan Unified Group کے ملازمین کے بارے میں کسی بھی فیصلے کیلئے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے رابطہ کرنے کی بجائے اس صوبے کو ان کے بارے میں فیصلے کرنے کا اختیار حاصل ہو۔ (تالیاں)

صوبے میں ٹیکسوں کی وصولی کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا اور تمام صوبائی محاصل کو Consolidate کرکے ان کی وصولی کیلئے ایک بہتر نظام رائج کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ صوبائی خزانہ پر بوجھ بنے ہوئے ان محکموں کو ختم کر دیا جائے گا جن کی بدلتے ہوئے حالات میں اب کوئی ضرورت نہیں رہی۔ سرکاری محکموں کو بھی Consolidate کریں گے۔ عوام میں اس رویہ کو تبدیل کرنا ہوگا کہ حکومت ایسی گائے ہے جو صرف دودھ دیتی ہے بلکہ ہمیں اب یہ احساس بھی کرنا ہوگا کہ اس گائے کیلئے چارہ کا بھی بندوبست کرنا ہے۔ (تالیاں)

ٹیکسوں کی وصولی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ ایک ایسے نظام میں تبدیل ہوگیا ہے جو اب عوامی سطح پر سب سے ظالمانہ نظام کی علامت بن چکا ہے۔ اس شعبہ میں پرائیویٹ سیکٹر کی مدد سے Digitized Revenue Record System قائم کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ ہر مالک جائیداد کے پاس اس کی ملکیت کی پاس بک ہو جس میں کسی تبدیلی کیلئے بھی وہ اس جدید نظام کو کام میں لا سکے اور اس سلسلے میں ایک پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز ضلع کی سطح پر، تحصیل کی سطح پر یا ایک سے زائد تحصیلوں کی سطح پر جلد ہی شروع کر دیا جائے گا۔ صوبے میں معدنیات اور قدرتی وسائل کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے مگر بدقسمتی سے متعلقہ ادارے کے ظالمانہ اور لالچی طریقۂ کار اور چند اشخاص کی اجارہ داری کی وجہ سے ایسی صورتحال بن گئی ہے کہ جس کی وجہ سے معدنی ترقی کیلئے کام کرنے والے پروفیشنل لوگوں کا داخلہ بند ہو چکا ہے۔ اس ضمن میں بھی ہم اس ایوان کی قائم شدہ ٹاسک فورس کے ذریعے نئے نظام کو رائج کرنے کی کوشش کریں گے۔ گزشتہ چند سالوں میں سیاسی دباؤ کی بنیاد پر نئے ضلعے اور کمشنریاں قائم کی گئی ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ Ultimately اس صوبے کے عوام کے وسائل پر ایک ایسا بوجھ بن چکے ہیں جو چند لوگوں کو تو خوش کر سکتے ہیں لیکن عوامی مسائل کے حل

کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں ہے لہذا اس ضمن میں بھی ہم دوبارہ غور کریں گے اور اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم کسی مرکزیت کے قائل ہیں بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ نئے ضلعے اور کمشنریاں اس وقت قائم کی جائیں جب واقعی ان کی اشد ضرورت ہو لیکن ہم یہ کوشش کریں گے کہ تحصیل اور ضلع کی سطح پر عوام کے مسائل حل کریں تاکہ چند اشخاص کی بجائے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچا سکیں۔ (تالیاں)

قومی تعمیر کے محکموں، سی اینڈ ڈبلیو، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ اور لوکل گورنمنٹ کی سالانہ کارکردگی جانچنے کیلئے Physical targets مقرر کئے جائیں گے اور اگر یہ ادارے اور ان کے آفیسرز اپنے Physical targets مقررہ وقت میں حاصل نہ کر سکے تو متعلقہ آفیسرز سے نہ صرف سخت باز پرس کی جائے گی بلکہ ان کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی۔ ان اداروں کی مجموعی کارکردگی جانچنے کیلئے ہم ان کو مالی سال 1997-98 کے اختتام تک کا وقت دیں گے۔ یہ ادارے اس سارے عرصے میں نہ صرف اپنی Quality of work کو Improve کریں گے بلکہ اپنی Quantity of work کو بھی Improve کریں گے۔ متعلقہ سیکرٹریز، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری پی اینڈ ڈی کے ساتھ ملکر اپنے معاملات درست اور معیاری حالت میں چلانے کیلئے فوری طور سے تجاویز مرتب کریں اور اگر ان اداروں کے معاملات مالی سال 1997-98 کے اختتام تک حکومت کے جاری کردہ اصول اور ضوابط کے مطابق درست اور معیاری حالت میں نہ ہوئے تو مالی سال 1997-98 کے اختتام تک ان اداروں کو ختم کرکے نجی شعبہ کو قومی تعمیر میں شامل کیا جائے گا جس کیلئے جنوری 1998 سے ہائی کورٹ کے ایک معزز جج کی نگرانی میں ایک خصوصی جائزہ کمیٹی اپنا کام شروع کر دے گی۔ سرکاری آفیسرز کے صوابدیدی اختیارات ختم کر دیئے گئے ہیں اور آئندہ تمام فیصلے صرف میرٹ پر ہوں گے۔ اگلے تین ماہ کے اندر تمام زیر التواء امور Arbitration, Contract Cell, Obligations اور دیگر

تمام Pending affairs کو انصاف کی بنیادوں پر کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ اگر تین ماہ کے اندر یہ طویل عرصہ سے زیر التوا امور طے نہ کئے گئے تو پھر میں متاثرہ افراد کو یہ دعوت دوں گا کہ وہ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ سے رجوع کریں اور میں ذاتی طور پر اس بات کا اہتمام کروں گا کہ ان کے مسائل حل کرنے کیلئے میں خود ان کی نگرانی کروں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم آئندہ کیلئے بھی ایک ایسا نظام رائج کرنے کی کوشش کریں گے کہ جس سے سرکاری دفاتر میں زیر التواء امور کو حل کرنے کیلئے مختصر ترین وقت کا تعین کیا جا سکے جو تیس دن بھی ہو سکتے ہیں اور ساٹھ دن بھی ہو سکتے ہیں یا پھر میں اس معزز ہاؤس کے معزز اراکین کو دعوت دوں گا کہ وہ اس بارے میں ہماری راہنمائی کریں۔ ہم عوام کو اس عذاب سے بچانا چاہتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے تصفیہ طلب امور حل کرنے کیلئے سرکاری دفاتر میں سالہا سال دھکے کھاتے پھرتے ہیں۔ ہم اس سسٹم میں ایسے Professionalism کو رائج کرنے کی کوشش کریں گے کہ ہر فائل ایک دفتر سے دوسرے دفتر تک جانے میں ایک مخصوص وقت یا ایک مخصوص دن سے زیادہ کا وقت نہ لے سکے۔ صوبے کے تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے ذرائع سے قائم کئے گئے خصوصی فنڈز کو صوبائی خزانے میں فوراً منتقل کر دیں اور اگر وہ اس طرح کے فنڈز قائم کرنے کی ضرورت محسوس کریں تو اپنی تجاویز سیکرٹری خزانہ کو بھیج دیا کریں جن کو صوبائی بجٹ کے دوران صوبائی محاصل کیلئے زیر غور لایا جائے گا۔ جناب سپیکر! تمام سرکاری گاڑیوں پر سبز رنگ کی پلیٹس لگائی جائیں گی اور ہر سرکاری آفیسر کیلئے اپنی Entitlement سے زیادہ گاڑیاں رکھنا سزا واری کے قابل ہو گا۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! یہ ایک ایسی برائی ہے کہ جسے ختم کرنے کیلئے ماضی میں اولاً تو کوشش ہی نہیں کی گئی اور کوشش نہ کرنے کی وجہ سے آج یہ صوبائی خزانے پر ایک ایسا بوجھ بن چکی ہے کہ اگرچہ ہم نے چند لوگوں کو تو مراعات یافتہ طبقے میں شامل کر دیا ہے

لیکن عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم کر دیا ہے۔ میں عوام کو اس برائی کے خلاف جہاد میں شریک کرنا چاہتا ہوں اور میں اپنے عوام سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ سڑکوں اور بازاروں میں گھومتی ہوئی سرکاری گاڑیوں کے غیر سرکاری کاموں میں استعمال کے بارے میں حکومت کو اطلاع دیں اور اس برائی کے خلاف جہاد میں شریک ہو جائیں۔ بدعنوانی کی نشاندہی کرنے والے شہریوں' اخبارات اور صحافی حضرات کو ثبوت کے ساتھ بہتر معلومات سامنے لانے پر خصوصی انعامات دیئے جائیں گے۔

(تالیاں)

گزشتہ تین سالوں میں جو تقرریاں میرٹ سے ہٹ کر کی گئی ہیں ان کا ریکارڈ کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے اور اسی طرح تمام محکموں میں گزشتہ دورِ حکومت میں سرکاری جائیداد کی جو ناجائز الاٹمنٹ کی گئی ہے' اس کا ریکارڈ بھی کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ میں عوام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ان جائیدادوں کی خرید و فروخت میں اپنی دلچسپی روک لیں۔ ہم وفاقی حکومت کے منصوبوں میں بھی صوبہ سرحد کو اس کا حق دلوائیں گے اور ماضی کے حکمرانوں کے انتقام کی آگ میں ضائع ہونے والے پشاور' اسلام آباد موٹر وے کے منصوبے کو بھی جلد سے جلد بحال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ (تالیاں)

حسن ابدال اور نوشہرہ کے درمیان جی ٹی روڈ کے Dual carriage کو جلد از جلد مکمل کرنے کیلئے بھی وفاق سے رابطہ قائم کیا جائے گا۔ انڈس ہائی وے کی تعمیر میں ہونے والی تاخیر کو ختم کرنے' اس کی جلد تکمیل اور اس کا ہدف مقرر کرنے کیلئے بھی وفاقی حکومت سے رجوع کیا جائے گا۔ (تالیاں)

کوتل سُرنگ کی تعمیر کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ شاہراہ قراقرم' باڑیاں۔ ایبٹ آباد روڈ اور اسی طرح کی دوسری درگئی کالام روڈ' مانسہرہ کاغان روڈ اور سوار کلی' بونی

روڈ کو بھی جلد تعمیر کیا جائے گی۔ (تالیاں)

صوبہ سرحد میں صنعتوں کی بندش اور روزگار کے ذرائع کم ہونے کی وجہ سے بے روزگاری ایک خوفناک حد تک بڑھ رہی ہے اور اس مسئلہ پر قابو پانے کیلئے سنجیدگی سے کوششیں کی جائیں گی۔ مرکزی حکومت اور ماہرین کے مشوروں سے ایسے صنعتی زونز بنائے جائیں گے جو اس صوبے کے سمندر سے دوری کے باوجود کامیابی سے چل سکیں۔ اس سلسلے میں ہم اس امر کا بھی جائزہ لیں گے کہ سمگلنگ کی وجہ سے صوبے کی صنعتوں کو جو نقصان پہنچ رہا ہے اس کا بھی کسی طرح تدارک کیا جائے۔ بڑے بڑے اداروں کے ساتھ مل کر صوبے میں کاٹیج انڈسٹریز کو فروغ دیا جائے گا اور بند صنعتوں کو کھولنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور اس ضمن میں صوبائی حکومت اپنے بجٹ سے ایک Revolving Fund قائم کرنے پر بھی غور کرے گی۔ (تالیاں)

صنعتی ترقی کیلئے بینک آف خیبر اور اسی طرح کے دوسرے اداروں سے تعاون کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ جناب سپیکر! صوبہ سرحد کراچی کے بعد پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی اور صنعتی مرکز بننے کا اہل ہے کیونکہ تاریخی اعتبار سے یہ ایک ایسی Geographical location میں واقع ہے جو درّہ خیبر کے ذریعے سے کھلتا ہے اور ہم ایک ایسی دنیا میں داخل ہوتے ہیں جہاں ایک بہت بڑی منڈی پاکستان کی Quality Products اور دوسری ٹریڈز کا انتظار کر رہی ہے گو کہ اس وقت افغانستان اور اس کے قرب و جوار کے حالات اتنے خوش آئند نظر نہیں آتے لیکن ہمیں اس وقت کیلئے اپنے آپ کو تیار کرنا ہے جب افغانستان اور Central Asian Countries کو پشاور اور اس کے قرب و جوار کے ذریعے ایک ایسے صنعتی اور تجارتی مرکز میں تبدیل کیا جائے کہ جہاں ہم اپنے صوبے کے عوام کی خوشحالی کیلئے محنت کر سکیں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! صوبہ سرحد کو خدائے عظیم نے اپنی بے پناہ رعنائیوں سے نوازا

ہے لیکن ہم نے سیاحت کے فروغ کیلئے کوئی منظم اور جامع منصوبہ بندی نہیں کی ہے۔ اس ضمن میں مَیں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری حکومت نجی شعبہ کی مدد سے صوبہ بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے ایسے اقدامات کرے گی کہ جس سے یہاں ایک Friendly ماحول قائم کیا جا سکے اور تمام پاکستان سے سیاحت کا فروغ اندرون اور بیرون ملک یہاں بن سکے۔ (تالیاں)

